The chief minister has set a timeline for completing the development projects of all the departments, strictly instructed for timely execution. In a high-level meeting chaired by the Chief Minister Balochistan, Mir Sarfraz Bugti, reviewed the progress and implementation of the Public Sector Development Program (PSDP) in the province.

During the meeting, the Chief Minister emphasized the need for all departments to provide detailed reports on the status of fund releases for federal projects.

Sarfraz Bugti also ordered that 90 percent projects of the current PSDP should be completed by June this year and directed all departments to ensure timely execution of the schemes following the deadline.

The Chief Minister formed a committee tasked with improving existing financial regulations and removing obstacles in the release of funds to streamline the fund release process.

The committee will be headed by Mir Zahoor Buledi and will include key officials from various departments such as Finance, S&GAD, Communications, and IT.

The Chief Minister expressed satisfaction on the progress of health services and instructed the department to expedite the construction of a hospital in Naseerabad, similar to the GAMBAT model, with a timely inauguration.

However, he raised concerns over the performance of the Forest Department, with officials failing to provide satisfactory responses during the meeting.

Sarfraz Bugti ordered the immediate release of funds for the construction of Press Clubs in Turbat and Jaffarabad, with a target to complete these projects by June.

Additionally, CM Bugti revealed the plan to ensure the operation of green and pink buses on the roads in Quetta to enhance public transport services and improve the service for the people of Balochistan.

The Chief Minister reiterated his commitment to aligning the PSDP with the needs of the public. He stressed the importance of transparency in development programs to ensure sustainable and people-centric progress.

Furthermore, he assured that the next provincial budget would allocate 100 percent of approved schemes for implementation and called for comprehensive proposals aimed at improving the quality of life of the masses of Balochistan.

Sarfraz Bugti emphasized that the government's responsibility to address the challenges faced by the common man and highlighted the importance of delivering tangible results to meet public expectations.

The meeting focused on resolving the issue of delays in the release of development funds allocated to Balochistan under the federal PSDP.

The Minister, for Planning and Development, Mir Zahoor Buledi, briefed the meeting and highlighted the issue of delays in the disbursement of funds for various development projects in the province funded by federal government. The Chief Minister urged the federal government to ensure the releases of funds allocated in the PSDP for various development projects in Balochistan in order to execute the schemes within its stipulated time.

The Balochistan government has decided to write a letter to the Prime Minister, urging swift action to release funds for timely execution of development projects in the province such as the Kachhi Canal.

The meeting was attended by Provincial Minister for Planning and Development, Mir Zahoor Ahmed Buledi, Provincial Minister for Irrigation, Mir Muhammad Sadiq Umrani, Provincial Minister for Industries, Sardar Kohyar Khan Domki, and Provincial Minister for Finance, Mir Shoaib Nosherwani.

Senior officials included Chief Secretary of Balochistan, Shakeel Qadir Khan, Additional Chief Secretary for Home, Shahabuddin, Additional Chief Secretary for Development, Hafiz Abdul Basit, Principal Secretary to CM, Babar Khan, along with all departmental secretaries were in attendance.-APP


CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Times
92 NEWS MEDIA GROUP
Founded by Syed Faseih Iqbal in 1976
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk
VOL XLV No. 325 QUETTA Tuesday February 11, 2025 /Sha'ban 12, 1446 Rs: 30

*Reviews progress of PSDP*

# CM stresses for timely completion of development schemes



Staff Report

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on Monday reviewed the progress and implementation of the Public Sector Development Program (PSDP) in the province and directed the authorities concerns to ensure the completion of the projects initiated in the public sector development program within its stipulated time.

The chief minister has set a timeline for completing the development projects of all the departments, strictly instructed for timely execution. In a high-level meeting chaired by the Chief Minister Balochistan, Mir Sarfraz Bugti, reviewed the progress and implementation of the Public Sector Development Program (PSDP) in the province.

During the meeting, the Chief Minister emphasized the need for all departments to provide detailed reports on the status of fund releases for federal projects. Sarfraz Bugti also ordered that 90 percent projects of the current PSDP should be completed by June this year and directed all departments to ensure timely execution of the schemes following the deadline. The Chief Minister formed a committee tasked with improving existing financial regulations and removing obstacles in the release of funds to streamline the fund release process.

The committee will be headed by Mir Zahoor Buledi and will include key officials from various departments such as Finance, S&GAD, Communications, and IT. The Chief Minister expressed satisfaction on the progress of health services and instructed the department to expedite the construction of a hospital in Naseerabad, similar to the GAMBAT model, with a timely inauguration. However, he raised concerns over the performance of the Forest Department, with officials failing to provide satisfactory responses during the meeting.

Sarfraz Bugti ordered the immediate release of funds for the construction of Press Clubs in Turbat and Jaffarabad, with a target to complete these projects by June. Additionally, CM Bugti revealed the plan to ensure the operation of green and pink buses on the roads in Quetta to enhance public transport services and improve the service for the people of Balochistan. The CM reiterated his commitment to aligning the PSDP with the needs of the public. He stressed the importance of transparency in development programs to ensure sustainable and people-centric progress. Furthermore, he assured that the next provincial budget would allocate 100 percent of approved schemes for implementation and called for comprehensive proposals aimed at improving the quality of life of the masses of Balochistan. Bugti emphasized that the government's responsibility to address the challenges faced by the common man and highlighted the importance of delivering tangible results to meet public expectations. The meeting focused on resolving the issue of delays in the release of development funds allocated to Balochistan under the federal PSDP. The Minister for Planning and Development, Mir Zahoor Buledi, briefed the meeting and highlighted the issue of delays in the disbursement of funds for various development projects in the province funded by federal government. The Chief Minister urged the federal government to ensure the releases of funds allocated in the PSDP for various development projects in Balochistan in order to execute the schemes within its stipulated time. The committee will be headed by Mir Zahoor Buledi and will include key officials from various departments such as Finance, S&GAD, Communications, and IT. The Chief Minister expressed satisfaction on the progress of health services and instructed the department to expedite the construction of a hospital in Naseerabad, similar to the GAMBAT model, with a timely inauguration. However, he raised concerns over the performance of the Forest Department, with officials failing to provide satisfactory responses during the meeting.The Balochistan government has decided to write a letter to the Prime Minister, urging swift action to release funds for timely execution of development projects in the province such as the Kachhi Canal.

CamScanner

## سبی میلہ صدیوں پرانی روایات کا امین ہے، سردار کوہیار ڈومکی

### میلے کو شایان شان انداز سے منانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لارہے ہیں، گفتگو

سبی (آئی این پی) صوبائی وزیر صنعت وحرفت پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما تمندار اقوام ڈومکی سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا ہے کہ سبی میلے کو شایان شان انداز سے منانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لارہے ہیں، دوردراز سے آنے والے مال مویشیوں کے علاج معالجے اور مالداروں کو ریلیف کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی صدیوں پرانے سبی میلہ مویشیان واسپان نہ صرف مالداروں بلکہ تاجروں اور یہاں کے مقامی شہریوں کے لئے کسی نعمت سے کم نہیں سبی میلے میں مہمان نوازی کی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے اپنی ذمے داریاں پوری کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کھلی کچہری کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سبی پریس کلب کے صدر حاجی سعید الدین طارق، سرپرست اعلیٰ میاں محمد یوسف، جوائنٹ سیکرٹری سید طاہر علی، سید جاوید شاہ بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر صنعت وحرفت وتمندار اقوام ڈومکی سردار کوہیار خان ڈومکی کا کہنا تھا کہ سبی میلے کی اہمیت وہ لوگ سمجھتے ہیں جو اس میلے کا سارا سال انتظار کرتے ہیں سبی میلہ ناچ گانے سرکس کا نام نہیں بلکہ صدیوں پرانی روایات کا امین ہے سبی میلے کی تقریبات میں جدت لانے کیلئے ٹھوس بنیادوں پر قدم اٹھا رہے ہیں زرعی صنعتی نمائش جانوروں کی منڈی سے بلوچستان میں بسنے والے لوگوں کی معاشی حالت میں بہتر بنانے میں بھی مددگار ثابت ہوتی ہیں۔



## امن وامان کی بحالی اور دہشتگردوں کیخلاف موثر کارروائی کی جائے، صوبائی وزراء اراکین اسمبلی

### حکومت اور سیکورٹی ادارے ایک پیج پر ہیں، آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جنگ جاری رہے گی، سلیم کھوسہ، ظہور بلیدی

### جو لوگ صوبے کے حالات خراب کررہے ہیں ان سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، محمد خان لہڑی، سردار مسعود لونی ودیگر

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء واراکین اسمبلی نے کہا ہے کہ صوبے میں امن وامان کی بحالی اور دہشت گردوں کے خلاف موثر کارروائی کرنے کی ضرورت ہے ان کیمرہ اجلاس کے دوران تفصیلی بریفنگ دی گئی جس سے آنیوالے وقت میں اس کے اچھے اثرات ........ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

مرتب ہوں گے حکومت اور سیکورٹی ادارے ایک پیج پر ہے اور دہشت گردوں کے آخری ٹھکانے تک لڑیں گے یہ بات صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ، صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی میر ظہور بلیدی، پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی، سردار مسعود لونی اور رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طوراتمان خیل نے بیان جاری کرتے ہوئے کہی

## حلقہ انتخاب کے مسائل حل اور عوام سے کئے وعدے وفا کریں گے، صوبائی وزیر صحت

### عوام کی خوشحالی اور ترقی میرا وژن جس کیلئے پرعزم ہیں، رہائش گاہ پر علاقہ معتبرین وعوام سے بات چیت

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی وزیر برائے صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ عوام کی ترقی وخوشحالی اولین ترجیح، الیکشن میں کئے گئے وعدوں کو عملی جامہ پہنائیں گے، حلقہ پی بی 39 کوئٹہ کے باسیوں کو روزگار، تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر، پینے کا صاف پانی، کھیلوں کیلئے گراؤنڈز سمیت دیگر منصوبوں پر کام کررہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر علاقہ معتبرین، سیاسی وسماجی شخصیات، علماء اکرام اور ووٹرز......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

وسپورٹرز سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ 8 فروری کو جس طرح حلقے کے عوام نے ووٹ دیکر مجھے ایوان تک پہنچایا الیکشن میں عوام کے ساتھ کئے گئے وعدوں کی تکمیل کیلئے ایک سال سے جدوجہد کررہا ہوں اور میری کوشش ہے کہ وعدوں کو عملی جامہ پہناؤں، انہوں نے کہا کہ حلقہ پی بی 39 کی تقدیر بدلنے کیلئے بنیادی انسانی ضروریات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات اولین ترجیح ہے، حلقہ انتخاب میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھائیں گے، انہوں نے کہا کہ بیروزگار نوجوانوں کو روزگار، تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر، پینے کا صاف پانی، سپورٹس کمپلیکس اور دیگر بے شمار منصوبوں کیلئے تگ ودو کررہے ہیں عوام کی خوشحالی اور ترقی میرا وژن ہے جس کیلئے پرعزم ہیں۔

## سیکرٹریٹ سے ملازمین غائب، سائلین کو انتہائی مشکلات کا سامنا ہے، لیاقت لہڑی

### اگر حکومت بلاک ون میں افسران کو حاضر کرنے میں ناکام تو بلوچستان بھر میں اداروں کی صورتحال کیا ہوگی

### افسران کی کارکردگی مایوس کن ہے، پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی کا دورہ سیکرٹریٹ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، پارلیمانی سیکرٹری برائے ایس اینڈ جی اے ڈی میر لیاقت علی لہڑی کا سول سیکرٹریٹ کے بلاک نمبر 1 کا دورہ کیا 11 بجے تک سٹاف کی غیر حاضری کا سخت نوٹس لیتے ہوئے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مذکورہ آفیسران اور ماتحت عملہ 12 بجے دفتر آتے اور نماز کے بعد 2 بجے چھٹی کرکے چلے جاتے ہیں مسائل کے حل کیلئے آنے والے سائلین اور عوام کو شدید مشکلات......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کا سامنا کرنا پڑتا ہے انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جب میں نے مذکورہ بلاک کا دورہ کیا تو 90 فیصد آفیسران اور عملہ موجود نہیں تھا 11 بجے تک آفیسران دفتر آتے ہیں اور 2 بجے چھٹی کرکے چلے جاتے ہیں اگر حکومت بلاک ون میں آفیسران اور عملے کو حاضر نہیں کرواسکتی تو اندرون بلوچستان کیا صورتحال ہوگی جن افسران اور محکموں نے نظام چلانا ہے ان کو خود اپنی اصلاح کرنے کی ضرورت ہے جس کیونکہ افسران کی کارکردگی مایوس کن ہے جب آفیسران 12 بجے دفتر آئیں گے تو اسٹاف سے کیا گلہ شکوہ کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 11 FEB 2025 Page No. 19


# این ایف سی ایوارڈ، پہلی ششماہی میں بلوچستان کو 3 کھرب 7 ارب روپے فنڈز فراہم

وفاق کی جانب سے صوبوں کو مجموعی طور پر 33 کھرب 39 ارب 22 کروڑ 30 لاکھ روپے کے فنڈز فراہم کیے گئے، پنجاب کو 16 کھرب 44 ارب 92 کروڑ 50 لاکھ روپے منتقل

سندھ کو آٹھ کھرب 44 ارب 16 کروڑ 60 لاکھ، کے پی کے کو پانچ 44 ارب 16 کروڑ 70 لاکھ روپے کے فنڈز فراہم کیے گئے

کوئٹہ (یو این اے) این ایف سی ایوارڈ کے تحت جاری مالی سال کی پہلی ششماہی میں وفاق کی جانب سے صوبوں کو مجموعی طور پر 33 کھرب 39 ارب 22 کروڑ 30 لاکھ روپے کے فنڈز فراہم کیے گئے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے اس حوالہ سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق جولائی سے لے کر دسمبر 2024 تک کی مدت میں وفاق کی جانب سے پنجاب کو 16 کھرب 44 ارب 92 کروڑ 50 لاکھ روپے، سندھ کو 8 کھرب 42 ارب 22 بقیہ نمبر 9 صفحہ 5 پر

کروڑ 60 لاکھ روپے، خیبر پختونخوا کو 5 کھرب 44 ارب 16 کروڑ 70 لاکھ روپے اور بلوچستان کو 3 کھرب 7 ارب 88 کروڑ 50 لاکھ روپے کے فنڈز فراہم کیے گئے۔ گزشتہ مالی سال کی پہلی ششماہی میں وفاق کی جانب سے صوبوں کو 24 کھرب 35 ارب 34 کروڑ 90 لاکھ روپے کے فنڈز فراہم کیے گئے تھے۔ جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں این ایف سی ایوارڈ کے تحت صوبوں کو مجموعی طور پر 15 کھرب 65 ارب 14 کروڑ 50 لاکھ روپے کے فنڈز فراہم کیے گئے تھے۔

# دفعہ 144 کی خلاف ورزی، مختلف سیاسی رہنماؤں پر مقدمات درج

سٹی تھانہ کے ایس ایچ او کی مدعیت میں پی ٹی آئی کے صوبائی صدر داد شاہ اور نور خان خلجی کیخلاف مقدمہ درج کیا گیا

چمن میں اے این پی کے صدر سمیت 9 افراد کیخلاف مقدمہ درج، اشتعال انگیز تقاریر اور نفرت انگیز نعرے لگانے کے الزامات عائد

کوئٹہ (یو این اے) تحریک تحفظ آئین کی صوبائی قیادت کے خلاف دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر مقدمہ درج کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سٹی تھانہ کے ایس ایچ او کی مدعیت میں پی ٹی آئی کے صوبائی صدر داد شاہ اور نور خان خلجی کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر میں روڈ بلاک کرنے، اشتعال انگیز تقاریر، حکومت اور سیکیورٹی اداروں کے خلاف نفرت انگیز نعرے لگانے جیسے الزامات شامل کیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق مقدمے میں دفعات 153-A، 188، 341، 149 اور 147 شامل کی گئی ہیں، جبکہ لاؤڈ اسپیکر ایکٹ کی خلاف ورزی کا الزام بھی عائد کیا گیا ہے۔ جبکہ چمن میں بقیہ نمبر 32 صفحہ 5 پر

دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر عوامی نیشنل پارٹی کے صدر سمیت 9 افراد کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق، گزشتہ روز ایس ایچ او چمن کی مدعیت میں درج کی گئی ایف آئی آر میں ملزمان پر روڈ بلاک کرنے، اشتعال انگیز تقاریر کرنے اور حکومت و سیکیورٹی اداروں کے خلاف نفرت انگیز نعرے لگانے کے الزامات عائد کیے گئے ہیں۔

# بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہتے ہیں، فلورین والٹر

بزنس کمیونٹی کے وفد کو جرمنی میں ایکسپو میں شرکت کی دعوت دیتے ہیں، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جرمن بزنس کمیونٹی کے نمائندے فلورین والٹر نے کہا ہے کہ ہماری بزنس کمیونٹی بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کے ساتھ ملکر کام کرنا چاہتے ہیں اور اس لئے ویزے کے حصول میں سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ بلوچستان کے بزنس کمیونٹی کے وفد کو جرمنی میں ایکسپو میں شرکت کی دعوت دیتے ہیں اور اس وفد کی جرمنی کے بزنس کمیونٹی سے ملاقات کروائیں گے پاکستان میں جرمنی کی بزنس کمیونٹی کیلئے سرمایہ کاری کیلئے وافر مواقع موجود ہیں اور آنے والے دو سالوں میں پاکستان اور جرمنی کے درمیان تجارتی تعلقات مزید مستحکم ہونے کی توی امید ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ چیمبر آف سال ٹریڈرز اینڈ انڈسٹری کے دورے کے موقع پر عہدیداروں سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر کوئٹہ میں متعین اعزازی قونصل جنرل میر مراد بلوچ اور حاجی ولی محمد سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ چیمبر بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

کے عہدیداروں اور ممبران سے جرمن نمائندہ پاکستان بزنس کمیٹی فلورین والٹر نے کہا کہ جرمن بزنس کمیونٹی بلوچستان کی تاجر برادری کے ساتھ مل کر بزنس کو فروغ دینے کا عزم رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں تجارت کے بہتر اور وسیع مواقع موجود ہیں۔ جرمن بزنس کمیونٹی پاکستان اور بلوچستان کی تاجر برادری کے ساتھ مل کر تجارت کیلئے کوشاں ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان دو طرفہ بزنس تعلقات بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 11 FEB 2025 Page No 21

# 2024 کے عام انتخابات سے ناخوش اراکین اسمبلیوں سے مستعفی ہو جائیں گے، بلوچستان

[illegible]

[illegible]

[illegible]

# بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال، صوبائی اسمبلی میں ان کیمرہ بریفنگ

**آئی جی پولیس اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ نے اراکین صوبائی اسمبلی کو صوبے میں امن وامان کی صورتحال سے آگاہ کیا**

اپوزیشن اراکین کی جانب سے بلوچستان میں امن وامان کے حوالے سے تجاویز پیش کی گئیں، اہم اجلاس چار گھنٹے تک جاری رہا

**قواعد انضباط کار مجریہ 1974 کے تحت اسمبلی کے ہال کو کل ایوان کی کمیٹی میں تبدیل کرنے کی تحریک منظور کی گئی**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال سے متعلق صوبائی اسمبلی کے اراکین کو ان کیمرہ بریفنگ دی گئی۔ بلوچستان اسمبلی کا ان کیمرہ اجلاس ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس شروع ہونے پر وزیر اعلیٰ ......

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

قائد ایوان میر سرفراز بگٹی نے قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974 کے قاعدہ نمبر 179 کے تحت صوبائی اسمبلی کے ہال کو کل ایوان کی کمیٹی میں تبدیل کرنے کی تحریک پیش کی جسے منظور کر لیا گیا جس کے بعد اسمبلی کا اجلاس بارہ [illegible] آئی جی پولیس اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ کی جانب سے ان کیمرہ بریفنگ دی گئی جس میں اراکین صوبائی اسمبلی کو صوبے میں امن وامان کی صورتحال سے آگاہ کیا گیا [illegible] اپوزیشن اراکین کی جانب سے امن وامان کے حوالے سے تجاویز پیش کی گئیں [illegible]

## فارم 47 کی حکومت نے صوبے سے میرٹ کا جنازہ نکال دیا، نیشنل پارٹی

ہر طرف لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم، حکومت کو بلوچستان کی تعمیر وترقی سے سروکار نہ ہی کوئی دلچسپی ہے، صوبائی صدر

بلوچستان کے مسائل بندوق کی نوک پر حل کرنے کی بجائے مذاکرات کا راستہ اختیار کیا جائے، اوستہ محمد میں سینئر ساتھیوں کے اجلاس سے خطاب

اوستہ محمد (این این آئی) نیشنل پارٹی بلوچستان کے صدر اسلم بلوچ ایک روزہ دورے پر اوستہ محمد پہنچے جہاں انہوں نے رند ہاؤس اوستہ محمد میں مجیب الرحمان رند کی وفات پر میر عبدالرحیم رند، میر نثار احمد رند، سلیم رند ایڈووکیٹ سے مرحوم کی وفات پر تعزیت کی بعدازاں انہوں نے رند رائس مل اوستہ محمد میں نیشنل پارٹی اوستہ محمد کے سینئر ساتھیوں سے ملاقات کی جہاں انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ .......... بقیہ 80 صفحہ نمبر 7 پر

موجودہ فارم 47 کے ذریعے نامزد صوبائی حکومت نے میرٹ کا جنازہ نکال دیا انہوں نے کہا کہ ہر طرف لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم ہے انہوں نے کہا کہ کرپشن کی وجہ سے ریاستی نظام درہم برہم ہو چکا ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت کو بلوچستان کی تعمیر وترقی سے کوئی سروکار نہیں ہے

## بلوچستان میں آپریشن کی حمایت کی نہ کریں گے، اپوزیشن لیڈر

ان کیمرہ اجلاس میں بلوچستان اور عوام کے مفاد کے لئے بات ہوئی ہے

ان کیمرہ بریفنگ سے مطمئن، جو باتیں ہوئیں وہ اچھی ہوئیں، میر یونس زہری

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری نے کہا ہے کہ بلوچستان اسمبلی کے ان کیمرہ اجلاس میں بلوچستان اور عوام کے مفاد کے لئے بات ہوئی ہے، کبھی آپریشن کی حمایت کی ہے نہ کریں گے۔ یہ بات انہوں نے بلوچستان اسمبلی میں ارکان کو ان کیمرہ بریفنگ دیئے جانے کے بعد میڈیا سے مختصر گفتگو کرتے ہوئے ........ بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

کہی۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن ارکان جو باتیں ہوئیں اچھی ہوئیں وہ بلوچستان اور عوام کے مفاد میں ہوئی ہیں ان کیمرہ بریفنگ سے مطمئن ہیں، جو بھی باتیں ہوئی وہ اچھی ہوئیں اور بلوچستان کے عوام کے مفاد میں ہوئیں

INTEKHAB QUETTA

## چمن پرلت کے مطالبات تسلیم کیے جائیں، نیپ کا صوبائی اسمبلی کے سامنے دھرنا

علی وزیر کے خاندان نے پشتون سیاسی قومی تحریک کی جدوجہد اور جعلی دہشت گردی کے خلاف جو قربانیاں دی ہیں وہ ناقابل فراموش ہیں

پشتون بلوچ صوبے کی پشتون و بلوچ سیاسی جمہوری پارٹیوں کا کردار ہمیشہ سے تابناک رہا ہے اور انہوں نے تاریخی جدوجہد کی ہے، مقررین کا خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پشتون ملتپال سیاسی جمہوری پارٹیوں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی، عوامی نیشنل پارٹی، پشتون تحفظ موومنٹ اور نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے زیر اہتمام ممتاز پشتون وطن دوست رہنما و سابق رکن قومی اسمبلی علی وزیر کی جب میں تھری ایم پی او کے کالے قانون کے تحت گرفتاری اور خیبر جرگے کے میزبان و مہتمم ممتاز قبائلی رہنما ملک نصیر خان کوکی خیل، صمد لالا کی غیر قانونی گرفتاری اور معصوم مصور خان کی تاحال عدم بازیابی، چمن پرلت کے مطالبات تاحال تسلیم نہ کرنے اور اہم قومی شاہراہوں پر بھتہ خوری، اغواء برائے تاوان اور دہشتگردی کے خلاف عظیم الشان احتجاجی مظاہرہ پشتونخوانیپ کے مرکزی بقیہ نمبر 28 صفحہ 5 پر

سیکریٹریٹ اور میٹروپولیٹن کارپوریشن سے برآمد ہوا ہزاروں مظاہرین نے مختلف شاہراہوں پر گشت کرتے ہوئے علی وزیر کو رہا کرو رہا کرو، چمن پرلت کے مطالبات کو تسلیم کرو تسلیم کرو، مین شاہراہوں پر بدامنی کو ختم اور ٹرانسپورٹروں کو تحفظ فراہم کرو، بھتہ خوری، اغواء برائے تاوان، دہشتگردی اور انتہا پسندی ختم کرو ختم کرو، معصوم بچے مصور خان کو بازیاب کرو بازیاب کرو، مسلط کردہ حکومت نامنظور نامنظور، سیاسی رہنماؤں و کارکنوں کے خلاف فورتھ شیڈول اور جھوٹے مقدمات ختم کرو ختم کرو، ریاستی دہشتگردی نامنظور نامنظور کے فلک شگاف نعرے لگاتے ہوئے صوبائی اسمبلی کے سامنے احتجاجی دھرنا پشتونخوانیپ کے صوبائی صدر نصراللہ خان

زیرے کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ جس سے پشتونخوانیپ کے صوبائی نصراللہ خان زیرے، اے این پی کے ضلعی صدر شاہ اللہ خان کاکڑ، پی ٹی ایم کے زبیر شاہ آغا، پشتونخوانیپ کے مرکزی سیکریٹری چیئرمین اللہ نور خان اور پی ٹی ایم کے موسیٰ خان خلجی نے خطاب کیا۔ سٹیج سیکریٹری کے فرائض پشتونخوانیپ کے صوبائی آفس سیکریٹری نداسنگر نے سرانجام دیئے جبکہ قراردادیں اے این پی کے ولی داد میانی نے پیش کیئے۔ احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ علی وزیر کے خاندان نے پشتون سیاسی قومی تحریک کی جدوجہد اور جعلی دہشتگردی کے خلاف جو قربانیاں دی ہیں وہ ناقابل بیان ہے ان کے خاندان کے کم وبیش 18 افراد شہید کیئے گئے جن میں ان کے والد اور بھائی سمیت دیگر عزیز و اقارب شامل ہے اور گزشتہ 8 سالوں کے دوران انہوں نے چار سال سے زائد کا عرصہ جیل میں گزارا ہے اور اب بھی مختلف حیلوں و بہانوں سے انہیں پابند سلاسل کیا گیا ہے حالانکہ ان کے تمام مقدمات میں ضمانت ہو چکی ہے مگر جب میں ایک بار پھر انہیں انگریز دور کے کالے قانون تھری ایم پی او کے تحت جیل میں بند کیا گیا ہے۔ مقررین نے کہا کہ پشتون بلوچ صوبے کے پشتون و بلوچ سیاسی جمہوری پارٹیوں کا کردار ہمیشہ سے تابناک رہا ہے اور ہر ظالم، جابر اور قوتی امریتوں کے خلاف تاریخی جدوجہد کی ہے مگر افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ آج علی وزیر کا مسلسل ہمارے صوبے میں قید اور تھری ایم پی او کے تحت انہیں جیل میں رکھنا پشتون بلوچ سیاسی جمہوری وطن پال پارٹیوں اور عوام کیلئے ایک المیہ سے کم نہیں ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 11 FEB 2025 Page No. 23

## قلعہ عبداللہ: لیویز نے دو کمسن بچیاں 24 گھنٹے کے اندر بازیاب کرالیں

### بچیوں کو جنگل پیر علیزئی کیمپ سے اغوا کیا گیا تھا، اغوا کار گرفتار

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) لیویز فورس نے 24 گھنٹے کے اندر دو کمسن بچیوں کو اغواء کاروں کی چنگل سے بازیاب کرالیا۔ اغوا کار گرفتار، تفصیلات کے مطابق جنگل پیر علیزئی کیمپ سے گزشتہ روز دو بچیاں غائب ہوگئی تھیں جس کی رپورٹ جنگل پیر علیزئی لیویز تھانہ میں درج کرائی انچارج محمد عیسیٰ دفعدار ہیڈ محرر خلیل الرحمٰن نے اسسٹنٹ کمشنر شہک حیات بلوچ کی ہدایت پر لیویز فورس کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے چوبیس گھنٹوں کے دوران اغواء کاروں کو گرفتار کرلیا اور دونوں مغوی بچیوں کو بازیاب کرالیا۔

## تربت: مسلح افراد کی مکان میں گھس کر فائرنگ، دو افراد ہلاک، ایک زخمی

### بری لال کا تعلق ٹنڈو اللہ یار اور موتال لال کا تعلق ٹنڈو آدم سے تھا، کشیدہ کاری کا کام کرتے تھے، زخمی ہسپتال منتقل

تربت (نامہ نگار) اسٹار پلس مارکیٹ کے قریب واقع ایک رہائشی کوارٹر میں مسلح افراد نے فائرنگ کرکے دو افراد کو ہلاک اور ایک کو زخمی کردیا۔ ہلاک ہونے والوں کی شناخت بری لال سکنہ ٹنڈو اللہ یار اور موتل لال سکنہ ٹنڈو آدم کے ناموں سے ہوئی ہے، جبکہ زخمی شیرو مل سکنہ ٹنڈو آدم بتایا جارہا ہے۔ مذکورہ افراد تربت میں کشیدہ کاری کے کام میں معروف تھے۔ واقعے کے وقت کوارٹر میں دس افراد موجود تھے۔ مسلح افراد نے شناختی کارڈ چیک کرنے کے بعد تین افراد کو نشانہ بنایا اور ان کے شناختی کارڈ بھی اپنے ساتھ لے گئے۔ لاشوں اور زخمی کو فوری طور پر ٹیچنگ اسپتال تربت منتقل کردیا گیا، جہاں زخمی کو طبی امداد دی جارہی ہے۔ پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر تحقیقات شروع کردی ہیں۔ واقعے کی وجوہات تاحال معلوم نہیں ہوسکیں۔ جبکہ پولیس اور متعلقہ اداروں نے ملزمان کی تلاش کے لیے کارروائی شروع کردی ہے۔

## پولیس ٹریننگ کالج پر دستی بم حملہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پولیس ٹریننگ کالج سریاب پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کا دستی بم حملہ تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، پولیس کے مطابق سریاب روڈ پر واقع پولیس ٹریننگ کالج پر گزشتہ شب دو نامعلوم موٹر سائیکل سوار دستی بم پھینک کر فرار ہوگئے بم مین گیٹ کے قریب واقع چوکی کے قریب میدان میں گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا اطلاع ملتے ہی سی ٹی ڈی، پولیس اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کے حملے نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے لیا جبکہ سی ٹی ڈی نے واقعہ کا مقدمہ درج کرلیا۔

INTEKHAB QUETTA

## تفتان میں صحافیوں سے چھینا گیا سامان پولیس نے برآمد کرلیا

### مشکوک افراد کو فائرنگ کے تبادلے کے بعد گرفتار کرلیا گیا

تفتان (یو این اے) تفتان دو اور تین فروری کی درمیانی شب تفتان کے علاقے کوہ دلیل سے صحافیوں جاوید لانگو اور مجیب ندیم سے اغوا کے بعد چھینے گئے سامان کیلئے اسسٹنٹ کمشنر تفتان عرفان احمد ختگی کی قیادت میں لیویز پارٹیاں چوروں کے مسلسل تعاقب میں تھیں، جنہیں تفتان میں دیگر تمام اداروں کی معاونت حاصل تھی، ہفتے اور اتوار کی درمیانی شب گشت پر مامور لیویز پارٹی کو اطلاع ملی کے کچھ مشکوک مسلح افراد روڈ کے آس پاس موجود ہیں، اس اطلاع پر اسسٹنٹ کمشنر عرفان احمد ختگی کی قیادت میں ایس ایچ او شبیر احمد گورگیج اور نائب رسالدار الٰہی بخش نوتیزئی، محمد اسحاق، عبدالوحید، عبدالمالک، ضیاء اللہ، محمد اسماعیل اور دیگر اہلکاروں پر مشتمل ٹیم نے مشکوک لوگوں کا پیچھا کیا، مسلح لوگوں نے لیویز ٹیم کی نقل و حرکت اور قریب پہنچنے پر لیویز پارٹی پر فائر کھول دیا، لیویز ٹیم دو اطراف سے مشکوک افراد کا تعاقب کرتی رہیں جو کہ ایک گھنٹے تک جاری رہا، بالآخر مشکوک افراد پہاڑوں کی جانب فرار ہوگئے، لیویز ٹیم نے ویران علاقے میں مکمل تلاشی لی جس کے نتیجہ میں ایک گھاٹی میں سامان کی موجودگی کی نشاندہی ہوئی، متاثرہ صحافیوں سے تصدیق کے بعد اسسٹنٹ کمشنر نے سامان صحافیوں کے حوالے کردیا، بلوچستان یونین آف جرنلسٹ بی یو جے کے صدر خلیل احمد اور سینئر صحافی رہنما نے ڈپٹی کمشنر واشک برین عطا المنعم، اے سی تفتان عرفان احمد انتظامیہ اور ان تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کا شکریہ ادا کیا ہے جنہوں نے نہ صرف اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر سامان کی برآمدگی کی بلکہ متاثرہ صحافیوں کو ایک ہفتے تک مہمان کے طور پر رکھا۔

## خاران، فائرنگ کے 2 واقعات میں 3 افراد زخمی

خاران (یو این اے) ایک ہی دن میں خاران شہر میں فائرنگ کے دو واقعات جس میں تین افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق شاہ میر واٹر سپلائی کے قریب نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے طاہرہ ولد حاجی .... اور ایک کمسن بچی زخمی ہوگئے مزخمیوں کو فوری طور پر ابتدائی طبی امداد کے لیے خاران ڈویژنل ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ جبکہ دوسرے واقعہ میں خاران شہر بائی پاس میں نامعلوم افراد کی فائرنگ مجیب الرحمان ولد محمد خیر زخمی ہوگئے۔

## مستونگ پولیس کی کامیاب کاروائی، 2 مفرور ملزمان پکڑے گئے

مستونگ (یو این اے) پولیس کی کامیاب کاروائی مختلف مقدمات مطلوب دو مفرور ملزمان کو حسب ضابطہ گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق ایس پی مستونگ عبدالحلیم اچکزئی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ڈی ایس پی میاں داد عمرانی کے زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ سٹی مستونگ عبدالفتاح کیازئی نے پولیس پارٹی کے ہمراہ دوران ریڈ مختلف مقدمات میں مطلوب دو مفرور ملزمان مقدمہ نمبر 27/2017 بقیہ نمبر 30 صفحہ 5 پر

بجرم 34-395 ت پ میں مفرور ملزم زبیر احمد ولد پسند خان قوم لہڑی سکنہ کلی کوتھو مستونگ جبکہ دوسری کاروائی میں مقدمہ نمبر 81/2024 بجرم 149-147-324 ت پ میں مفرور ملزم عبدالسلام ولد مسیم خان قوم رند سکنہ کلی کوتھو مستونگ کو حسب ضابطہ گرفتار کرلیا۔ ملزمان کو ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی نے برائے مزید تفتیش تفتیشی ٹیم کے حوالے کردیا۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری مزید گرفتاریاں متوقع ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 5

Dated: 11 FEB 2025 Page No. 24

# سبزی منڈی میں شہریوں کا داخلہ مشکل ہوگیا

## منڈی میں دونوں جانب ریڑھیوں، لوڈرز اور گاڑیوں کا رش لگا رہتا ہے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سبزی منڈی اور قریبی ایریا میں کھڑی ریڑھیوں کی وجہ سے خریداروں کا سبزی منڈی کاسی روڈ میں داخلہ مشکل ہوگیا سبزی منڈی میں دونوں جانب گاڑیوں اور لوڈرز کے رش سے پیدل گزرنا بھی محال۔ عوامی حلقوں نے ایس پی سٹی شبانہ حبیب سے مطالبہ کیا ہے کہ مذکورہ علاقے میں کھڑی ریڑھیوں اور لوڈرز کا داخلہ بند کیا جائے کیونکہ پیدل گزرنا بھی اس جگہ پر مشکل ہوچکا ہے نہ تو شہری خریداری کر سکتے ہیں اور نہ ہی کانسی روڈ سبزی منڈی میں موٹر سائیکل یا گاڑی کے ہمراہ داخل ہوسکتے ہیں سبزی منڈی میں گاڑیوں کا داخلہ مکمل طور پر بند کیا جائے تاکہ شہری خریداری باآسانی کرسکیں۔

INTEKHAB QUETTA

# چاغی، تجاوزارت سے ٹریفک جام، شہریوں کو مشکلات کا سامنا

چاغی (نامہ نگار) چاغی بازار میں ناجائز تجاوزات اور ٹریفک کے مسائل سے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کردیا ہے چاغی مین بازار اور زمیندار چوک میں ناجائز تجاوزات اور ٹریفک جام سے چاغی کے عوام کو شدید پریشانی کا سامنا ہے تفصیلات کے مطابق چاغی مین بازار اور زمیندار چوک میں ٹریفک اور ناجائز تجاوزات کے بڑھتے ہوئے مسائل شہریوں کے لیے دردِ سر بن چکا ہے لوگ روڈ پر گاڑیاں کھڑی کرکے پھر دکانوں میں بیٹھ کر چائے مین روڈ اور دکانوں کے سامنے ریڑھی اور گاڑیوں کو کھڑے کی جاتی ہیں جسکی وجہ سے پیدل چلنے والوں کو دشواری کا سامنا کرنا پڑھ رہا ہے، عوامی حلقے پیتے ہیں جس سے شہریوں کو ذہنی کوفت سے گزرنا پڑتا ہے روزانہ مین روڈ اور زمیندار چوک پر دکانوں کے سامنے موٹر سائیکل، ریڑھی والوں اور گاڑیوں کے غلط پارکنگ کے وجہ سے روڈ جام ہونے لگتا ہے مین روڈ اور دکانوں کے سامنے ریڑھی اور گاڑیوں کو کھڑے کی جاتی ہیں جسکی وجہ سے پیدل چلنے والوں کو دشواری کا سامنا کرنا پڑھ رہا ہے عوامی حلقوں نے ڈی سی چاغی عطاء المنعیم محمد حسنی اور میجر مرتضی عمرانی سے اپیل کی ہے کہ چاغی بازار میں ناجائز تجاوزات کا خاتمہ کرنیکے لیے چاغی بازار کے مختلف شاہراہوں پر لیویز اہلکار تعینات کیے جائیں تاکہ ٹریفک کے مسائل حل ہوسکیں۔

# چاغی شہر میں مرغی کے گوشت کی قیمت آسمان پے پہنچ گئی

چاغی (نامہ نگار) چاغی شہر میں مرغی کے گوشت کی قیمت آسمان پے پہنچ گئی ہیں حکام نوٹس لیں تفصیلات کے مطابق چاغی میں مرغی کے گوشت کی قیمت میں بھی اضافہ ہوا ہیں چاغی شہر میں مرغی کے گوشت 800 روپے میں فروخت ہورہا ہیں اس حوالے سے شہریوں نے چاغی کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بکری اور بکرے کی گوشت کی قیمتیں غریب کی پہنچ سے پہلے ہی باہر تھا اب چاغی میں برائلر خریدنا بھی مشکل ہوگیا ہیں چاغی کے دکاندار مرغی کے گوشت مہنگے داموں فروخت کرنے لگے ہیں جس سے چاغی کے غریب عوام سب سے زیادہ متاثر ہورہے ہے چاغی کے عوامی حلقوں نے ڈی سی چاغی عطاء المنعیم محمد حسنی اسسٹنٹ کمشنر چاغی ارسلان خان اور میجر مرتضی عمرانی سے اپیل کی کہ چاغی میں گرانفروشی کرنے والے پولٹری فارم والوں کے خلاف کارروائی کیا جائیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Time Quetta
Bullet No. 6
Dated: 11 FEB 2025 Page No. 25

# Penetrating drought

Balochistan, which covers 44 percent territory of the entire country, is facing a silent crisis that demands immediate attention: a crippling drought. The lack of precipitation and the resulting degradation of agricultural land are wreaking havoc on the lives of its people, with over 70% of the population relying directly or indirectly on agriculture and livestock for their livelihoods. The situation is gradually heading towards dire, and it is imperative that the government takes swift and decisive action to mitigate the effects of this devastating natural disaster. The drought in Balochistan is not a new phenomenon, but its intensity and frequency have increased in recent years due to climate change and unsustainable water management practices. The province's arid climate, characterized by low and erratic rainfall, makes it particularly vulnerable to drought. The current drought has already had a devastating impact on the region's economy, with crops failing, livestock dying, and water sources drying up. Balochistan has a history of drought but regrettably the province still lacks ability to properly manage natural disasters like drought. The drought affects Balochistan more than that of other provinces of the country as other than three districts in Balochistan rest are irrigated through tube-wells and rains. The consequences of drought are far-reaching, leading to food insecurity, displacement, and a decline in living standards. The people of Balochistan are resilient, but they cannot withstand this crisis on their own. The government must step up and take a proactive approach to drought management. This includes investing in water conservation measures, such as building dams and reservoirs, promoting efficient irrigation techniques, and recharging groundwater aquifers. It also means providing financial assistance and support to farmers and pastoralists who have been affected by the drought. In the long term, the government needs to develop a comprehensive drought management strategy that addresses the root causes of the problem. This includes promoting sustainable land use practices, investing in research and development to develop drought-resistant crops, and raising awareness among communities about the importance of water conservation. It also means addressing the issue of climate change, which is exacerbating the drought situation in Balochistan. The drought in Balochistan is not just an environmental issue; it is a humanitarian crisis. The people of Balochistan are struggling to survive, and they need our help. The government must act now to provide relief and support to those affected by the drought, and to implement long-term solutions to prevent future crises. The future of Balochistan depends on it.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Buliet No. 6

Dated: 11 FEB 2025 Page No. 26


## گوادر ترقی کی راہ پر




ایک زمانہ وہ بھی تھا جب گوادر مچھیروں کی ایک چھوٹی سی بستی تھی جہاں پسماندگی کا دور دورہ تھا۔ اس وقت کوئی سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ وقت کروٹیں لے گا اور یہ بستی کیا سے کیا ہو جائے گی۔ پھر یوں ہوا کہ حالات بدلنے شروع ہو گئے اور گوادر نے ترقی کی راہ پکڑ لی، جوں جوں وقت گزرتا چلا گیا گوادر کی کایا پلٹتی گئی۔

اگرچہ امن و امان برقرار رکھنا ایک مسئلہ ہے تاہم گوادر تیزی کے ساتھ تبدیل ہو رہا ہے۔ پاک چین اشتراک سے ہونے والی منصوبہ بندی کے نتیجے میں بر آنے والے دن نئی نئی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں۔ چین کے تعاون سے شروع کیے جانے والے منصوبوں میں مکمل طور پر آپریشنل گوادر بندرگاہ، جنوبی اور شمالی فری زونز، مشرقی خلیج ایکسپریس وے، پاک چائنہ ووکیشنل اور ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ، پاک چائنہ فرینڈ شپ اسپتال، ایک 1.2 ایم جی ڈی صفائی کا پلانٹ اور نیا گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ شامل ہیں جس کے نتیجے میں شہر میں بڑے پیمانہ پر ترقی کا عمل جاری ہے۔ ان منصوبوں کی وجہ سے اقتصادی سرگرمیوں میں اضافہ، چھوٹے اور بڑے پیمانہ پر کاروباری اختراع قوت میں بہتری، ملازمت کے نئے نئے مواقع، مہارت میں اضافہ اور بنیادی ڈھانچہ کی ترقی ممکن ہو پائی ہے۔ مزید توسیع افق پر ہے جس میں گوادر مرکزی کاروباری ضلع، گوادر صنعتی اسٹیٹ، برآمداتی پروسیسنگ زون، ماحولیاتی راہداری شامل ہیں۔ گوادر اسمارٹ پورٹ سٹی کے ماسٹر پلان (2025-2035) کا حصہ ہیں۔

شہر کی مضافاتی تصویر تیزی سے ترقی کے عمل سے گزر رہی ہے جس کے نتیجے میں نئی مارکیٹیں، نئے رہائشی منصوبے، شاپنگ سینٹرز، وسیع نقل و حمل کی سہولیات، جدید سڑکیں، اسپتال، کھیلوں کے اسٹیڈیم، پارکس، تعلیمی ادارے، تجارتی مراکز اور ایک بڑھتے ہوئے ساحلی تفریحی سیکٹر کا قیام ممکن ہو پائے گا۔

اب علاقے میں تجارتی سرگرمیاں فروغ پا رہی ہیں، خصوصاً میرین ڈرائیو کے آس پاس، سید ہاشمیر روڈ، استاد عبدالمجید روڈ اور کپتان (ریٹائرڈ) طارق زہری روڈ پر جہاں نئی تعمیر شدہ عمارات ہیں ایک روشن و تاباں آسمانی پس منظر کا حصہ بن رہی ہیں اور اپنی شان و شوکت کا جلوہ دکھا رہی ہیں۔

کثیر منزلہ تجارتی مراکز جن پر پرکشش رنگ آمیزی ہے شہر کی حسین و دلفریب منظر کی آئینہ دار ہیں۔ مرکزی سڑکوں پر بینکوں اور اے ٹی ایمز کی قطار اس تاثر کی تجدید کرتی ہے کہ مالیاتی اداروں کا قیام اور کاروباری سرگرمیاں بام عروج پر ہیں۔

نقل و حمل کی سہولیات میں نمایاں توسیع قابل ذکر ہے۔ اس سے قبل گوادر اور کوئٹہ آنے جانے کے لیے کوئی براہ راست بس سروس موجود نہیں تھی جب کہ اب سیکڑوں ٹرانسپورٹ کمپنیوں جن میں الممتاز، الداؤد، المتبول اور جاوید ٹرانسپورٹ شامل ہیں نے باقاعدہ آمد و رفت کا آغاز کر دیا ہے۔ گوادر اور کراچی کے درمیان بہترین سڑکوں سے سفر میں آسانی ممکن ہو گئی ہے۔

جنت بازار جو گوادر کا شاپنگ مرکز ہے خواتین خریداروں سے کھچا کھچ بھرا رہتا ہے جو اعلیٰ درجے کے کڑھائی والے جوڑے خریدنے کے لیے وہاں جاتی ہیں۔ ایک جوڑے کی قیمت 5,000 سے 30,000 تک ہوتی ہے جو کہ کوالٹی اور ہنر مندی کے مطابق ہوتی ہے جس میں مشین اور ہاتھ دونوں سے بنے ہوئے بلوچی ملبوسات شامل ہیں جن کی بڑی ڈیمانڈ ہے۔ مقامی لوگوں کی بڑھتی ہوئی قوت خرید ان کی مالداری کی عکاسی کرتی ہے۔

نیو ٹاؤن جو شہر کا مشہور رہائشی علاقہ ہے وہاں جائیداد اور املاک کی خریداری کا ایک طوفان برپا ہے جہاں لگژری مکانات کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں۔ مکانوں کے کرائے بھی اپنی انتہا کو پہنچے ہوئے ہیں۔ نئے علاقوں میں شاندار ہوٹل تعمیر ہو رہے ہیں جو گوادر میں معاشی ترقی و خوشحالی ظاہر کرتے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: روزنامہ مہران

Bullet No. 6

Dated: 11 FEB 2025


Page No. 23


# ہاؤسنگ ری کنسٹرکشن یونٹ-بلوچستان (IFRAP): اکنامک گروتھ اور کمیونٹی ڈویلپمنٹ اتھارٹی

مشکلات کے باوجود سیلاب سے متاثرہ ورلڈ بینک کے ماہرین کی طرف سے صوبائی لچک کو مضبوط بنانے اور کمیونٹی کی کارکنان، انجینئرز اور آرکیٹیکٹس۔ نیز،

**ہیڈ یونٹ کوئٹہ**

ہاؤسنگ ری کنسٹرکشن یونٹ (HRU)-بلوچستان، جو انٹیگریٹڈ فلڈ ریزیلینس اینڈ ایڈاپٹیشن پروجیکٹ (IFRAP) کے تحت قائم کیا گیا ہے، ایک کمیونٹی پرمبنی اقدام ہے جو 2022 کے سیلاب سے تباہ ہونے والے گھروں کی تعمیر نو اور کمیونٹیز کی بحالی پر مرکوز ہے۔ ورلڈ بینک کی نگرانی میں، حکومت پاکستان کی طرف سے وزارت منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات کے ذریعے فنڈز فراہم کیے جانے والے، HRU نہ صرف گھروں کی تعمیر نو کر رہا ہے، بلکہ یہ بلوچستان میں معاشی بحالی، روزگار کی تخلیق، سماجی تبدیلی اور پائیدار کمیونٹی کی ترقی کو بھی فروغ دے رہا ہے۔ 2022 کا سیلاب پاکستان کی تاریخ کی بدترین قدرتی آفات میں سے ایک تھا جس میں تباہی کے پیمانے کا اندازہ لگانے کے لیے ایک جامع پوسٹ ڈیزاسٹر ضروریات کا جائزہ لیا گیا، جس سے مکانات، انفراسٹرکچر اور پیداواری شعبوں جیسے زراعت، چھوٹے اور درمیانے درجے کی کاروباری زندگیوں کو بہت زیادہ نقصان پہنچا۔ ہزاروں خاندان بے گھر ہو گئے، گھر، سکول، ہسپتال اور سڑکیں بہہ گئیں یا کھنڈر بن گئیں۔ اس آفت نے مقامی معیشتوں کو درہم برہم کر دیا، بہت سے لوگ بے روزگار اور ضروری [illegible] رسائی کے بغیر رہ گئے۔ ان




کمیونٹیز کی لچک اور عزم قابل ذکر ہے۔ HRU ان علاقوں کی معاشی بہتری میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ آب و ہوا کے موافق گھروں کی تعمیر نو کے ذریعے، یہ اقدام مقامی معیشت میں رقم داخل کر رہا ہے، جس کے ذریعے براہ راست فائدہ اٹھانے والوں کے بینک کھاتوں میں مرحلہ وار مالیاتی منتقلی کی جا رہی ہے۔ تعمیراتی عمل مکمل طور پر مستفید افراد کی قیادت میں ہے، جس میں عمل درآمد کرنے والے شراکت داروں، HRU، FPMU، IFRAP اور

قریبی نگرانی کی جاتی ہے۔ بحالی کی اس کوشش سے تعمیراتی کارکنوں، مواد فراہم کرنے والوں اور چھوٹے کاروباروں کو فائدہ پہنچ رہا ہے، متاثرہ علاقوں میں معاشی سرگرمیاں بحال ہو رہی ہیں۔ مزید برآں، IFRAP ضروری بنیادی ڈھانچے کو بھی بحال کر رہا ہے، بشمول سڑکیں، پانی کی فراہمی کے نظام، آبپاشی کے نیٹ ورکس اور ابتدائی وارننگ کے نظام کے ساتھ ساتھ روزی روٹی بڑھانے کے پروگراموں کو فروغ دیتا۔ یہ کوششیں

طویل مدتی پائیداری کو یقینی بنانے کے لیے حکومت پاکستان کے عزم کی عکاسی کرتی ہیں۔ HRU روزگار کا ایک اہم محرک ہے، خاص طور پر مینوفیکچرنگ سیکٹر، سپلائی چینز اور غیر سرکاری اقدامات میں۔ سیلاب سے متاثرہ تمام 33 اضلاع میں مکمل طور پر لاگو ہونے کے بعد، HRU سے ہزاروں ملازمتیں پیدا ہونے کی امید ہے، جس سے ہنر مند اور غیر ہنر مند کارکنوں کو فائدہ پہنچے گا، بشمول مقامی مزدور اور گھر کی تعمیر نو میں مصروف یومیہ اجرت والے

لچک کے معیارات کی پابندی کو یقینی بنانا 72 متعلقہ صنعتوں بشمول سیمنٹ، اسٹیل، سیرامک، اینٹ، شیشہ، پینٹ، ایلومینیم، ماربل، لکڑی کی پروسیسنگ، پلمبنگ، الیکٹریکل وائرنگ، نقل و حمل اور مختلف تعمیراتی سامان میں بالواسطہ روزگار کے مواقع۔ روزگار کی یہ لہر آمدنی کو بحال کر رہی ہے اور ہزاروں خاندانوں کو مالی تحفظ فراہم کر رہی ہے، جس سے انہیں سیلاب کے معاشی صدمے سے نکلنے میں مدد مل رہی ہے۔ اس کے علاوہ، چھوٹی صنعتوں اور مقامی

لچکدار مصنوعات کو تعمیر نو کے عمل میں فعال طور پر شامل کیا جائے گا، جس سے مقامی کاروباروں اور پائیدار اقتصادی ترقی کی حمایت کی جائے گی۔ HRU کا اثر ہاؤسنگ اور معاشی بہتری سے بڑھ کر ہے، یہ بیواؤں، معذور افراد اور کم آمدنی والے خاندانوں کو ترجیح دے کر کمزور گروپوں کو بااختیار بنا کر متاثرہ کمیونٹیز میں مثبت سماجی تبدیلی بھی لا رہا ہے۔ خاندانوں کو انتہائی موسمی حالات سے بچانے کے لیے محفوظ اور پائیدار گھروں کی تعمیر، تعمیر نو کی منصوبہ بندی کے عمل میں خواتین کو فعال طور پر شامل کرنا، اس بات کو یقینی بنانا کہ ان کی ضروریات اور خدشات کو دور کیا جائے۔ فیصلہ سازی اور تعمیر نو کی کوششوں میں مقامی شرکت کے ذریعے کمیونٹی کی لچک کو تقویت دینا مستقبل کی آفات سے تحفظ کے لیے موسمیاتی لچکدار عمارت کو نافذ کرنا مستقبل کے موسمیاتی واقعات کے لیے حکمرانی، جوابدہی اور آفات سے نمٹنے کی تیاری کو بڑھانا۔ ہاؤسنگ ری کنسٹرکشن یونٹ بلوچستان حکومت پاکستان کے اس عزم کو برقرار رکھتا ہے کہ سیلاب کے بعد کی تعمیر نو کا مقصد صرف گھروں کی تعمیر نو نہیں ہے۔